Day: Date:

## اسلام کیا ہے؟

## جواب:-

اسلام عربی زبان کا لفظ ہے
جس کا مادہ س، ل، م۔ جس کے معنی امن
سلامتی اور اطاعت کے

## اصطلاحی معنی:-

اسلام کے اصطلاحی معنی
امن
سلامتی
اطاعت و فرمانبرداری
سرِ خم تسلیم کرنا ہے

"اللہ کے سامنے اپنی خواہشات اور مرضی کو جھکا دینے کا نام اسلام ہے"

"اسلام اللہ کی واحدنیت پر ایمان لانے اور اس کے پیغمبر کی پیروی کا نام ہے اسلام ایک ہمہ جہت دین ہے جو دنیا اور آخرت کی زندگی کے لیے مکمل رہنمائی فرماتا ہے

Day: Date:

# اللہ کے نزدیک اسلام :-

" سورہ آل عمران
بے شک اللہ کے نزدیک دین ، اسلام ہی ہے "

"
اے ایمان والو اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ "

" سورۃ المائدہ
آج کے دن تمہارے لیے دین کو مکمل کر دیا گیا

# حدیث جبرئیل

ایک دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا جس کا لباس سفید تھا۔ حلیے سے مسافر معلوم نا ہوتا تھا۔ جبکہ صحابہ کرام اس کو جانتے بھی نہیں تھے۔ اس حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا مجھے اسلام کے بارے میں بتائیں
آپ نے فرمایا
اسلام یہ ہے کہ تو اللہ کی وحدانیت پر ایمان لائے اور گواہی دے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے آخری

Day: Date:

رسول ہیں نماز قائم کرو، رمضان کے روزے رکھو، زکوٰۃ دو اور بیت اللہ کا حج کرو۔

## مولانا مودودی کے مطابق اسلام کی تعریف:-

"اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو عقیدہ، عبادات، معیشت اور معاشرت کے تمام پہلوؤں میں ہماری رہنمائی کرتا ہے"

## امام غزالی:-

"اسلام ظاہری اور باطنی طور پر اللہ کے سامنے سرِ خم تسلیم کرنے کا نام ہے"

ہم کہہ سکتے ہیں کہ اسلام اپنی مرضی سے اللہ کے حکم کے سامنے اپنی مرضی کو تابع کر دینے کا نام ہے۔ اسلام انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو درست سمت دے کر اُسے آخرت میں کامیابی کے لیے تیار کرتا ہے۔

Day: Date:

# اسلام کی نمایاں خصوصیات

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو زندگی ہر پہلو میں ہماری رہنمائی فرماتا ہے اس کی ہمہ جہتی اس کو دوسرے مذاہب اور ادیان سے ممتاز بناتی ہے
اسلام کی نمایاں خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں

i توحید ii رسالت iii عالمگیریت
iv انفرادی تربیت v اجتماعی تربیت
vi امن و سلامتی کا پیغام
vii انسانیت کا تحفظ

## 1 توحید کا منفرد تصور :-

اسلام دنیا کا واحد مذہب ہے جس میں توحید جیسا منفرد تصور موجود ہے جس کا مطلب ہے انسان کا خدا ، خالق اور مالک ایک ہی ذات ہے اسلام میں داخل ہونے کی پہلی شرط ہی توحید کی گواہی ہے
خود اللہ قرآن میں فرماتا ہے

قل ھو اللہ احد

ترجمہ

کہہ دیجیے اللہ ایک ہے

Day: ____________ Date: ____________

توحید اسلام کا بنیادی تصور ہے جو باقی عبادات کی بنیاد ہے

توحید کا تصور بالکل منفرد ادرا چھوتا ہے جو انسان مخالف المجھنوں سے بچا صرف ایک ذات کی اطاعت اور فرمانبرداری سکھاتا ہے

بقول شاعر

ع یہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے
ہزار سجدوں سے آدمی کو دیتا ہے نجات

حدیثِ قدسی

"اسلام ایک قلعہ ہے جس کا دروازہ توحید ہے"

یعنی مختصراً اسلام میں توحید کا نظریہ بنیادی ہے جس کے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا ہے

## 2 رسالت :-

رسالت کلمے کا دوسرا اور اہم جزو ہے یعنی جب کوئی انسان اسلام میں داخل ہوتا چاہیے گا تو وہ اللہ کی واحدنیت کے ساتھ اللہ کے مقرر کردہ رسولوں اور خاص کر

Day: Date:

حضرت محمد خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی ایمان لائے گا رسالت پر ایمان ختم نبوت کے بغیر ادھورا ہے خود اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے

سورۃ الاحزاب

" محمد تم مردوں میں سے کسی باپ نہیں بلکہ اللہ کے رسول ہیں اور سلسلہ نبوت کو ختم کرنے والے ہیں "

خود نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

" میری مثال ایسے ہیں جیسے کسی نے ایک خوبصورت عمارت بنائی اور اس میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی۔ وہ اینٹ میں ہوں ۔ جس آنے سے عمارت مکمل ہوگئی "

مندرجہ بالا قرآنی آیت اور حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ جو کوئی مسلمان ہونا یا رہنا چاہتا ہے اسے ختم نبوت پر ایمان لانا ہوگا

Day: Date:

## 3 عالمگیریت

اسلام کا ایک اہم اور نمایاں وصف اس کی عالمگیریت ہے اسلام محض ایک علاقے، ایک قوم یا ایک محدود وقت کے لیے نہیں بلکہ ہر قوم، نسل، ملک اور قیامت تک کے لیے آیا ہے اسلام کا سب سے بنیادی ماخذ قرآن ہے جس کا مخاطب اور موضوع "انسان" ہے

قرآن پاک میں متعدد بار اللہ تعالیٰ نے

**یا ایھا الانسان**

کہہ کر پورے عالم سے خطاب کیا

اسی طرح اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتے ہیں

"اور ہم نے آپ ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا"

## 4 مکمل ضابطہ حیات

اسلام نا صرف عبادات و عقائد میں ہماری رہنمائی فرماتا ہے بلکہ ہماری اجتماعی اور انفرادی زندگی تمام پہلوؤں کا بھی احاطہ کرتا ہے

CamScanner

Day: Date:

## انفرادی تربیت

انسان کے پیدا ہونے سے لے کر مرنے تک اسلام نے تمام پہلوؤں میں ہماری رہنمائی فرمائی ہے

## پیدائش:

جب کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے اس کے کان میں اذان دی جاتی ہے اس کا نام رکھا جاتا ہے جو کہ حدیث کے مطابق ماں باپ کی طرف سے پہلا تحفہ ہے جو بچے کو دیا جاتا ہے بچے کا عقیقہ کیا جاتا ہے

## ماں کا کردار:

خاندانی نظام میں ماں کے کردار کو بڑی اہمیت حاصل ہے اسلام بچے کی ذمہ داری ماں کو سونپتے ہوئے اسے ایک عہدے پر فائز کرتا ہے ماں کی گود بچے کی پہلی درس گاہ ہے حدیث کے مطابق

"جنت ماں کے قدموں تلے ہے"

## کردار سازی

اسلام انفرادی طور پر کردار سازی پر بہت زور دیتا ہے کیونکہ فرد معاشرے کی اکائی ہے اگر فرد ٹھیک ہو گا تو معاشرہ خود بخود

Day: Date:

مثالی ہوگا

اس لیے ہمارے دین میں چوری، جھوٹ، غیبت جیسی قبیح گناہوں سے بچنے اور سچ، ایمانداری اور خلوص جیسے وصف اپنانے پر انفرادی طور پر بڑا زور دیا گیا ہے

جیسے کہ حدیث میں آیا ہے

"جو جھوٹ بولے وہ ہم میں سے نہیں"

"جو دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں"

## تعلیم اور روزگار

اسلام فرد کی تعلیم پر بہت زور دیتا ہے حدیث میں ہے

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے"

اسی طرح غزوہ بدر میں جو قیدی فدیہ ادا نہیں کر سکتے تھے ان کو مسلمان بچوں کو لکھنے اور پڑھانے کی ذمہ داری دی گئی

Day: Date:

اسی طرح اسلام دوسرے ادیان کے مقابلے میں
حلال رزق پر بہت زور دیتا ہے کچھ مذاہب
دنیا کو چھوڑ دینا، پہاڑوں اور جنگلوں میں رہنا
مذہبی عبادات گردانا جاتا ہے جس سے انسان
اپنے آپ اور خاندان سے بے پروا ہو جاتا ہے
اور ان کے نان نفقہ کی کوئی فکر نہیں کرتا۔
اس کے مقابلے میں اسلام میں حلال رزق کے
حصول کو ہی عبادت قرار دیا گیا ہے

## اجتماعی زندگی :-

انفرادی کے ساتھ ساتھ
اسلام میں اجتماعی زندگی کو بھی بڑی اہمیت
حاصل ہے۔

## مسجد کا کردار:-

مسجد اسلام میں بنیادی اکائی
ہے جو محض عبادات گاہ ہی نہیں بلکہ مسلمان کے درمیان
اتحاد و یگانگت، نظم و ضبط اور محبت
پیدا کرنے کا اہم ذریعہ ہے

## خاندان کے حقوق:-

خاندان معاشرے کی
اکائی ہے اس امر کو سامنے رکھتے ہوئے اسلام

Day: Date:

خاندان کو بہت اہمیت دیتا ہے اسلام میں
ماں باپ، زوجین اور اولاد کے حقوق
پر بڑا زور دیا گیا
حدیث میں آیا ہے

"تمہارے ماں باپ تمہاری جنت
ہیں"

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

"اور جب تمہارے ماں باپ یا دونوں
میں سے کوئی ایک بڑھاپے کو پہنچ جائیں
تو انہیں اف تک نا کہو"

اسی طرح زوجین کے حقوق، میاں بیوی کا
ایک دوسرے کو دیکھنا بھی صدقہ ہے

ماں باپ بچوں کی پرورش میں جو تکلیف اٹھاتے ہیں
ان پر ثواب کی بشارت ہے

حدیث میں ہے

"جس نے بچوں کی پرورش کی اور اس دوران آنے

Day: Date:

والی تکالیف پر صبر کیا وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا"

## پڑوسیوں کے حقوق

اسلام میں پڑوسیوں کے حقوق پر بھی بڑا زور دیا گیا ہے۔
حدیث میں ہے

"وہ شخص مومن نہیں ہو سکتا جس کا پڑوسی بھوکا رہے"

## ملازموں کے حقوق:-

اسلام کی آمد سے پہلے انسانیت تباہی کے دہانے پر کھڑی تھی۔ معاشرے میں جہاں اور بہت سی برائیاں تھی وہاں انسانیت کی تذلیل بھی نمایاں پہلو تھی۔ انسانوں کو غلام بنانے کا رواج عام تھا۔ مزید ان غلاموں کے کوئی حقوق نہ تھے۔ ان سے جانوروں کی طرح کام لیا جاتا اجرت تو دور کی بات اچھا کھانا تک نہ دیا جاتا۔ اسلام نے غلاموں کے حقوق مقرر کیے۔
حضرت بلال ایک آزاد کردہ حبشی غلام ہیں جو کہ مسجد نبوی کے موذن تھے

Day: ________ Date: ________

## سیاسی پہلو

اسلام میں سیاست کا مطلب شریعت کے مطابق نظام حکومت چلانا ہے سیاست کا مقصد عوام کا تحفظ اور ان کی خدمت ہے اسلام کے مطابق انسان زمین پر اللہ کا خلیفہ ہے حاکمیت اصلی اللہ کی ذات ہے اس لیے خلیفہ کا مقصد صرف اللہ کے مقرر کردہ قانون کو لاگو کرنا اور عوام کی خدمت ہے

حضرت ابوبکر صدیق جب خلیفہ بنے تو انہوں نے اپنی تنخواہ ایک عام جتنی مقرر کی

اسی طرح حضرت عمرؓ نے فرمایا

فرات کے کنارے اگر کتا بھی پیاسا مرے
تو عمر جواب دہ ہے

## معاشی پہلو

اسلام کا نمایاں پہلو دنیا میں موجود معاشی نظام سے مختلف معاشی نظام ہے دوسرے نظام میں امیر، امیر سے امیر ہوتا ہے جبکہ غریب اور محروم طبقے کا کوئی پرسان حال نہیں۔

Day: Date:

جبکہ اسلام میں محروم اور پسے ہوئے طبقے کی مدد کے لیے
صدقہ زکوٰۃ اور صدقہ جیسا نظام ہے
جبکہ سود جیسے نظام کی اسلام میں کوئی جگہ
نہیں ہے

## نظام انصاف :-

اسلام میں عدل و انصاف
بنیادی نظام ہے - اسلام میں انصاف کے سامنے
سب برابر ہیں
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

"تم میں سے پہلی قومیں محض اس لیے برباد ہوگئیں
کہ وہ طاقتور کو چھوڑ دیتیں اور کمزور کو سزا دیتیں"

اسی طرح جب ایک عورت (جس نے چوری کی تھی) کی
سفارش پیش کی گئی تو آپ نے فرمایا

"خدا کی قسم اگر فاطمہ بنت محمد بھی چوری کرتی تو
میں اس کے بھی ہاتھ کاٹ دیتا"

Day: Date:

# امن و سلامتی کا پیغام:-

اسلام کا لفظ سلم سے نکلا ہے جس کا مطلب امن اور سلامتی ہے امن اسلام بنیادی اُصول ہے اسلام کبھی بھی جنگ کی حمایت نہیں کرتا۔ ابتدائے اسلام میں جتنی بھی جنگیں ہوئیں سب میں مسلمانوں نے محض دفاع کے لیے جنگ لڑی ہیں

جنگ کے برعکس اسلام انسان کی عظمت اور عزت پر زور دیتا ہے

جیسا کہ قرآن میں اللہ فرماتا ہے

"ہم نے اولادِ آدم کو فضلیت دی"

عزت و تکریم بلا تفریقِ رنگ، نسل، مذہب اور جنس ہے

جیسا کہ قرآن میں اللہ فرماتا ہے

"جس نے ایک انسان کو قتل کیا گویا اس نے پوری دنیا کو قتل کر دیا"

جنگ کے دوران بھی بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے

Day: Date:

7 ## انسانیت کا تحفظ :-

چونکہ زمین کا مرکزی کردار
انسان ہے اس لیے اسلام ان تمام معاملات
کا احاطہ کرتا ہے جو انسان کے متعلقہ ہیں
اور ان تمام مثبت خصوصیات کی سفارش کرتا ہے
جو ایک انسان میں قدرتی طور پر موجود ہونی چاہیں

جیسے
- اخلاق
- خدمت
- احساس
- محبت
- ہمدردی
- انسانوں سے ہمدردی
- جانوروں سے ہمدردی
- رفاہ عامہ کے کام
- صدقہ
- ماحولیاتی تحفظ

## اخلاق

مسلمان ہونے کے ناطے ایک
انسان کا اخلاق اچھا ہونا چاہیے آپ ہر دین مکمل

Day: Date:

مکمل رہنمائی فرماتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے

"تم میں سے اچھا وہ ہے جس کا اخلاق اچھا ہے"

اسی طرح حضور اکرمؐ کے سامنے دو عورتوں کی بابت سوال پوچھا گیا۔ جن میں سے ایک عبادت گزار تھیں بد اخلاق تھی جو آپؐ نے فرمایا وہ جہنمی ہے جبکہ دوسری زیادہ عبادت گزار تو نا تھی مگر با اخلاق تھی تو آپؐ نے فرمایا وہ جنتی ہے

## انسانوں سے ہمدردی اور حقوق:

خطبہ حجۃ الوداع جو اسلامی تاریخ میں ایک چارٹر کی حیثیت رکھتا ہے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑی وضاحت کے ساتھ عورتوں غلاموں اور دیگر پسے ہوئے طبقے کی حقوق کے بارے میں تاکید کی ہے

آپؐ نے فرمایا

"عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا"

اسی طرح اسلام انسانوں کے ساتھ ہمدردی اور

Day: Date:

خیر سگالی کے جذبے کو فروغ دیتا ہے جس میں بیماروں کی مزاج پرسی، مریضوں بیواؤں یتیموں، معذوروں کے ساتھ اچھا سلوک، مسافروں کی مدد، اور پانی پلانے جیسے کاموں پر بڑے اجر کی بشارت دی ہے

## جانوروں کے حقوق:۔

اسلام نا صرف انسانوں بلکہ جانوروں کے ساتھ بھی حسن سلوک کی ہدایت کرتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے

" بنی اسرائیل کی ایک عورت کو محض اس لیے بخش دیا گیا کہ اس نے ایک پیاسے کتے کو پانی پلایا "

جبکہ

" ایک عورت کو عذاب دیا گیا کیونکہ اس نے ایک بلی کو باندھ کر مار ڈالا "

اسی طرح ایک دفعہ ایک اونٹ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے مالک کی شکایت کی کہ میرا مالک مجھ سے زیادہ کام لیتا ہے اور کھانا کم دیتا ہے تو آپ نے اس مالک کی سرزنش کی۔

Day: Date:

# ماحولیاتی تحفظ :-

زمین ہمارا گھر ہے
اور بحیثیت خلیفہ کے زمین کا تحفظ ایک مسلمان کی اولین ترجیح ہونی چاہیئے۔ جس کے لیے اسلام مسلمانوں پر ایک ذمہ داری عائد کرتا ہے جیسا کہ ہم جانتے ہیں زمین کی بقا اور انسانی زندگی کے لیے درخت کتنی اہمیت کے حامل ہیں۔ اسلام میں درخت لگانا نہایت ثواب کا کام اور صدقہ جاریہ ہے

حدیث
"درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے"

اسی طرح ایک اور جگہ فرمایا

"اگر کوئی شخص درخت لگا رہا ہو اور قیامت آجائے تو اُسے چاہیئے کہ وہ درخت لگا دے"

اسی طرح ہمارے نبی کریم ؐ نے پانی کو آلودہ کرنے اور ضائع کرنے سے بھی منع فرمایا ہے

Day: ____________ Date: ____________

چنانچہ مندرجہ بالا تمام پہلوؤں کو موضوع
بحث لاتے ہوئے ہم کہہ سکتے ہیں
اسلام ہی وہ واحد دین ہے جو زندگی
کے تمام شعبوں کا احاطہ کرتا ہے اور ہماری
رہنمائی کرتا ہے

CamScanner